# حضرت سیدتنا فاطمۃ الزہراء رضی اللہ عنہا کی وصال کے وقت عمر مبارک

دار الافتاء اہلسنت (دعوت اسلامی)

## سوال

حضرت سیدتنا فاطمۃ الزہراء رضی اللہ عنہا کی وصال کے وقت عمر مبارک کتنی تھی؟

## جواب

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِکِ الْوَھَّابِ اَللّٰھُمَّ ھِدَایَۃَ الْحَقِّ وَالصَّوَابِ

خاتون جنت حضرت سیدتنا فاطمۃ الزہراء رضی اللہ تعالی عنہا کی وصال کے وقت عمر مبارک کے متعلق مختلف اقوال ہیں: ایک قول کے مطابق اس وقت آپ رضی اللہ تعالی عنہا کی عمر مبارک انتیس (29) سال تھی اور دوسرے قول کے مطابق تیس (30) سال تھی۔

چنانچہ ارشاد الساری میں ہے "وتوفيت بعد موته صلى الله عليه وسلم بستة أشهر، وقيل بثمانية أشهر، وقيل بمائة يوم، وقيل بسبعين، والأول أشهر، وكانت وفاتها ليلة الثلاثاء لثلاث خلون من شهر رمضان سنة إحدى عشرة وهي ابنة تسع وعشرين سنة. قاله المدائني، وقيل ابنة ثلاثين" ترجمہ: حضرت سیدتنا فاطمہ رضی اللہ تعالی عنہا کی وفات، نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات کے چھ ماہ بعد ہوئی، ایک قول ہے آٹھ ماہ کے بعد، ایک قول ہے سو دن کے بعد، اور ایک قول ہے ستر دن کے بعد۔ مگر پہلا قول (یعنی چھ ماہ والا) زیادہ مشہور ہے۔ ان کی وفات منگل کی رات، رمضان کی تین راتیں گزرنے کے بعد، سن 11 ہجری میں ہوئی، اور اس وقت ان کی عمر مبارک انتیس (29) برس تھی، جیسا کہ مدائنی نے کہا ہے، اور ایک قول یہ بھی ہے کہ وہ تیس (30) برس کی تھیں۔ (ارشاد الساری، جلد 06، صفحہ 141، مطبوعہ: مصر)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

**مجیب:** مولانا محمد شفیق عطاری مدنی

**فتوی نمبر:** WAT-4066

**تاریخ اجراء:** 02 صفر المظفر 1447ھ/28 جولائی 2025ء

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)
www.fatwaqa.com
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net